## محترمہ عظمی ایوب سے اجتماعی زیادتی کے واقعہ میں ملوث تمام ملزمان کو فی الفور گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔20،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں عظمی ایوب نامی خاتون کو گزشتہ سال قبل اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنائے جانے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا کہ اس ظلم کے نتیجے میں پیدا ہونے والی بچی کو معاشرے کی شفقت، محبت، پیار اور اپنائیت کی ضرورت ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اجتماعی زیادتی کا نشانہ بننے والی خاتون مظلوم ہے اور اس کے نتیجے میں جس بچی کی پیدائش ہوئی ہے وہ بھی معصوم ہے،ضرورت اس امر کی ہے کہ لوگ وسیع النظری کا مظاہرہ کریں اور مظلوم اور معصوم کے حقوق کو سمجھیں اور انہیں انصاف کی فراہمی میں حائل کی گئیں تمام رکاوٹوں کو اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہوئے دور کریں۔رابطہ کمیٹی نے محترمہ عظمی ایوب سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور اپنے ساتھ زیادتی کے خلاف ڈٹ جانے کے عزم کا اظہار کرنے پر محترمہ عظمی ایوب کو خراج تحسین پیش کیا اور انصاف کی فراہمی میں انہیں ہرممکن تعاون کی یقین دلائی۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا امیر حیدر ہوتی سے مطالبہ کیا کہ محترمہ عظمی ایوب کے ساتھ اجتماعی زیادتی میں ملوث تمام ملزمان کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور جو ملزمان گرفتار ہوئے ہیں انکا جرم ثابت ہونے پر انہیں قانون کے مطابق سزا سخت سزا دی جائے اور عظمی ایوب کو دی جانے والی دھمکیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ضمن یں انصاف وقانون کے تمام تقاضے پورے کئے جائیں

## ایم کیوایم سکھر کے جلسہ کی نئی تاریخ کے اعلان کا عوامی سطح پر خیر مقدم
## سکھر زون کے کارکنان وہمدردوں کی جانب سے موٹر سائیکلوں اور کاروں پر مشتمل ریلی کا انعقاد

سکھر۔۔۔20،جنوری2012ء

ایم کیوایم کے زیر اہتمام 27 جنوری کو سکھر کے جناح میونسپل اسٹیڈیم میں ہونے والے جلسہ عام ''خوشحال سندھ،مضبوط پاکستان'' کے انعقاد کی نئی تاریخ کا اعلان ہوتے ہی اندرون سندھ میں قائم ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتر میں جشن کا سماں ہوگیا۔ایم کیوایم سکھر زون کی جانب سے بڑی ریلی نکالی گئی جبکہ جلسہ عام کے سلسلے میں ایک مرتبہ پھر جوش و خروش کے ساتھ عوامی رابطہ مہم،کارنر میٹنگوں کے انعقاد،معززین وعمائدین سے ملاقاتیں اور گھر گھر رابطوں کا آغاز بھی کردیا گیا ہے۔یادرہے کہ ملک کی نازک ترین صورتحال کے پیش نظر ایم کیوایم نے اپنا20 جنوری کو سکھر میں ہونے والا جلسہ عام ملتوی کردیا تھا تاہم جیسے ہی اس کی نئی تاریخ کا اعلان کیا گیا تو سندھ بھر میں کارکنان اور عوام کے چہرے کھل اٹھے اور انہوں نے ایک مرتبہ پھر جلسہ عام کی تیاریاں زبردست انداز میں شروع کردی ہیں۔''خوشحال سندھ،مضبوط پاکستان'' جلسہ عام کا سندھ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیات نے خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ انشاءاللہ تعالیٰ 27 جنوری کو ایم کیوایم کا جلسہ عام تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔دریں اثناء ایم کیوایم سکھر کے تحت زونل آفس سے ایک بڑی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔یہ ریلی موٹر سائیکلوں اور کاروں پر مشتمل تھی ریلی کے شرکاء نے شہر کے مختلف علاقوں کا چکر لگایا اور سکھر زونل آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔اس دوران ایم کیوایم کے کارکنان نے جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں پرجوش نعرے لگائے اور 27،جنوری کو سکھر میں ایم کیوایم کے جلسہ عام کے انعقاد کا خیر مقدم کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے عمر خان علی شیرزئی کو سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن کی حیثیت سے شامل کرلیا
## جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کردی

کراچی۔۔۔۔20جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حالیہ دنوں ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے معروف قبائلی رہنماء وسعودی عرب میں پاکستان کے سابق سفیر عمر خان علی شیرزئی کو ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن کی حیثیت سے شامل کرلیا ہے۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کی ہے اور بطور سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کا رکن بننے پر عمر خان علی شیرزئی کو مبارکباد دی ہے۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 بزرگ کمیٹی کے رکن شبیر احمد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔۔20، جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کمیٹی کے رکن شبیر احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ شبیر احمد کے انتقال سے ایم کیوایم ایک سینئر کارکن سے محروم ہوگئی ہے اوران کی تنظیمی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے وفد کی پیر امین الدین شاہ چشتیؒ کی درگاہ پر حاضری، الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی گئی
## شکارپور کے معززین رانو چانڈیو، محمد صدیق بلوچ اور عطا محمد لوہر کی اپنی برادریوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت

شکارپور۔۔۔۔20 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نمائندہ وفد نے جمعرات کو شکارپور کی درگاہ پیر امین الدین شاہ چشتیؒ پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی۔ایم کیوایم کے وفد میں اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار احمد پنہور، شکارپور زونل کمیٹی کے انچارج آغا محسن خان، جوائنٹ انچارج سخی دادمری کے علاوہ شکارپور سٹی یونٹ A کے ذمہ داران بھی شامل تھے۔وفد نے درگاہ شریف پر فاتحہ خوانی کی اور 27/ جنوری کو سکھر میں ہونیوالے جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کی کامیابی، ملک کی سلامتی، عوام کی خوشحالی، دہشت گردی اور نفرتوں کے خاتمے، شہداء کے درجات کی بلندی اور اسیروں کی رہائی سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے اجتماعی دعائیں بھی کیں۔ بعدازاں انہوں نے درگاہ شریف کے منتظم آغا طارق خان پٹھان اور چانڈیو برادری اور لوہر برادری کے معززین سے بھی ملاقات کی اور انہیں 27/ جنوری کے جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' میں شرکت کی دعوت دی۔اس موقع پر چانڈیو برادری کے معزز رانو چانڈیو، محمد صدیق بلوچ اور لوہر برادری کے عطا محمد لوہر نے برداری سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔

## الطاف حسین کی جہدِ مسلسل کے باعث ایم کیوایم ملک بھر کی مظلوم قومیتوں کی نمائندہ جماعت بن کر ابھری ہے، یوسف شاہوانی
## ایم کیوایم جس نظریئے پر عمل پیرا ہے اسی میں ملک وقوم کے مسائل کا حل پوشیدہ ہے، سندھی بلوچ معززین

کراچی۔۔۔20، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جہدِ مسلسل کے باعث ایم کیوایم ملک بھر کی مظلوم قومیتوں کی نمائندہ جماعت بن کر ابھری ہے اور یم کیوایم کے حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیر پختونخوا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت پورے ملک میں پھیلنے سے روکنے اور اس کے خلاف منفی پروپگنڈہ کرنے والی قوتیں بری طرح سے شکست سے دوچار ہوئی ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم اور رکن سید معین الدین کے ہمراہ گڈاپ ٹاؤن کی یونین کونسل 4 گجر میں واقع خادم حسین سولنگی گوٹھ، یونین کونسل 5 سونگل میں واقع تھارو مینگل گوٹھ، مولوی قاسم گوٹھ، راہو گہرام گوٹھ اور یونین کونسلر 3 گڈاپ میں واقع گڈاپ سٹی میں بلوچ وسندھی معززین اور عمائدین سے ہونیوالی ملاقاتوں میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر یوسف شاہوانی نے بلوچ اور سندھی عمائدین کو قائد تحریک جناب الطاف حسین محبت کا پیغام محبت پہنچایا اور انہیں ایم کیوایم کے تحت 27 جنوری کو سکھر کے جناح میونسپل اسٹیڈیم میں ہونے والے ایم کیوایم کے جلسہ عام ''خوشحال سندھ، مضبوط پاکستان'' میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ یوسف شاہوانی نے سندھی و بلوچ معززین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کسی قومیت کے خلاف نہیں ہے اور غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مظلوم سندھی، بلوچ، پختون، سرائیکی، پنجابی اور اردو بولنے والے سندھی سمیت پورے ملک کی عوام کی نمائندہ جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ جو سازشی عناصر اپنے مفادات کیلئے مظلوم قومیتوں کا خون بہاتے ہیں اور انہیں ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی سے کوئی غرض نہیں ہے، اب مظلوم قومیتوں کے عوام کو ان کے اصل چہروں سے واقف ہوجانا چاہئے اوران کی سازشوں کے سامنے ڈٹ جانا چاہئے۔ملاقات میں سندھی و بلوچ معززین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم جس نظریئے پر عمل پیرا ہے اسی میں ملک وقوم کے مسائل کا حل پوشیدہ ہے۔انہوں نے مختلف قومیتوں کے

درمیان نفرتوں کے خاتمے اوران کے درمیان پیار، محبت، یگانگت اور بھائی چارے کے قیام کیلئے مسلسل جدوجہد کرنے پر جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا اوران کی درازی عمر اورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو پاکستان اورآزادکشمیر کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے، سید شجاعت علی گیلانی

## ایم کیوایم نے جاگیرداروں اوروڈیروں کوآگے لانے کے بجائے غریب اورمتوسط طبقے سے پڑھی لکھی اورمخلص قیادت کوآگے لائی ہے

## معروف قانون دان سید شجاعت علی گیلانی کی مظفرآباد میں پریس کانفرنس کے دوران ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

مظفرآباد۔۔۔۔20 جنوری 2012ء

مسلم لیگ (ن) آزادکشمیر کے رہنما اور معروف قانون دان سید شجاعت علی گیلانی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت ،فکروفلسفے اورایم کیوایم کی عملی جدوجہداور پالیسیوں سے متاثر ہوکرایم کیوایم میں شمولیت اختیارکرلی ہے۔ایم کیوایم میں اپنی باقاعدہ شمولیت کا اعلان انہوں نے سینٹرل پریس کلب مظفرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پرمتحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹوکمیٹی کے رکن وصوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد طاہرکھوکھر،رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی وحق پرست ممبرکشمیراسمبلی سلیم بٹ،رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی ملک تنویر،زونل انچارج ایم کیوایم مظفرآبادراجہ صباء کے علاوہ دیگرذمہ داران بھی موجود تھے۔سید شجاعت گیلانی نے کہا کہ موجودہ حالات میں ایم کیوایم ہی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جو پاکستان اورآزادکشمیر کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ دیگرسیاسی جماعتیں موروثی، جاگیردارانہ اور اجارہ دارانہ سوچ کی حامل ہیں جہاں غریب اورمتوسط طبقے کے حقوق کوکسی قسم کی پذیرائی حاصل نہیں ہوئی۔اجاگیردارانہ،موروثی اورسرمایہ دارانہ سیاست نے ملک کا نظام تباہ کردیا ہے ملک کی سیاست پر65 سالوں سے قابض مافیانے قومی اداروں کی جڑوں کوکھوکھلا کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جن کے قول وفعل میں کوئی تضادنہیں انہوں نے جوکہا ہے کردکھایا ہے اور ہمیشہ غریب اورمتوسط طبقے کے حقوق کی بات کی ہے۔ایم کیوایم نے جاگیرداروں اوروڈیروں کوآگے لانے کے بجائے غریب اورمتوسط طبقے سے پڑھی لکھی اورمخلص قیادت کوسامنے لائی ہے۔اسی بناء پرمسلم لیگ (ن) سے اپنی وابستگی ختم کر کے ایم کیوایم میں شمولیت کا کافیصلہ کیا ہے۔ایم کیوایم سینٹرل ایگزیکٹوکونسل کونسل کے رکن وحق پرست وزیرٹرانسپورٹ طاہرکھوکھر نے معروف قانون دان سید شجاعت علی گیلانی کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیرمقدم کیا ہےاور قائدتحریک الطاف حسین اوراپنی کی جانب سے مبارکباددی ہے اوراس امید کا اظہارکیا ہے کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے انقلابی فکروفلسفہ کی تبلیغ اورآزادکشمیر کے غریب ومتوسط اور محروم طبقات کیلئے آواز بلند کرنے میں اہم کرداراداکریں گے۔طاہرکھوکھر نے کہا کہ پڑھے لکھے اورمخلص افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت سے آزادکشمیر میں ایم کیوایم کا تنظیمی ڈھانچہ مظبوط ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے انقلابی فکروفلسفے اورغریب پرورنظریات سے متاثر ہوکرعوام اوردوسری سیاسی جماعتوں کے کارکن ایم کیوایم میں تیزی سے شامل ہورہے ہیں اورایم کیوایم ایک بھرپورعوامی قوت بن رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آنے والا وقت ثابت کرے گا ایم کیوایم ہی ملک کو ہرقسم کے بحرانوں سے نکالے گی۔پریس کانفرنس میں جوائنٹ زونل انچارج خورشید کیانی،عبدالقیوم ،زونل ممبران ملک مصطفیٰ،عزت علی، چودھری یعقوب، ڈسٹرکٹ کمیٹی کے انچارج راجہ امتیاز ،جوائنٹ انچارجز سہیل سعیدخان، رفاقت کاظمی ،اوردیگر بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆